13248- پیشانی کے اوپر سے بال کاٹنا

سوال

بعض عورتیں پیشانی کے اوپر سے کچھ بال کاٹتی ہیں، اور کچھ کو نیچے لٹکتے رہنے دیتی ہیں، اس کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

اگر تو اس سے مراد کافر اور ملحد قسم
کی عورتوں سے مشابہت ہو تو یہ حرام ہے؛ کیونکہ غیر مسلم سے مشابہت حرام ہے اس لیے
کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"جس نے بھی کسی قوم سے مشابہت
اختیار کی تو وہ انہی میں سے ہے"

لیکن اگر اس سے مقصد مشابہت نہ ہو
بلکہ یہ عورتوں کے مابین ایک نئی عادت ہو، اور اگر اسے زینت شمار کیا جاتا ہو جس سے
عورت اپنے خاوند کے لیے زینت اختیار کرتی ہے، اور اپنے جیسی اور اپنی ہم جولی اور
سہیلی عورتوں کے مابین ایسے مظہر اور شکل میں آتی ہو کہ جو اس کی قدر و منزلت میں
عورتوں کے ہاں اضافہ کرے تو ہمیں اسمیں کوئی حرج نظر نہیں آتا.